© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

**دارالعلوم حقانیہ کے نصف سنوی امتحانات:** مورخہ ۱۷/اپریل بروز پیر کو دارالعلوم حقانیہ کے نصف سنوی (چارنیم ماہی) امتحانات شروع ہوئے اور جمعرات تک جاری رہے۔ طلباء کی کثرت تعداد کی وجہ سے امتحان کیلئے مین ہال مختص کردیئے گئے۔ نگران اساتذہ کی کمی کی وجہ سے دیگر مدارس کے اساتذہ کی خدمات بھی حاصل کی گئیں۔ اس کے بعد ۲۹/اپریل تک تعطیلات کا اعلان کرایا گیا۔ امتحانات اور تعطیلات کے بعد دروس اور اسباق زوروشور سے جاری ہیں

**سعودی عرب، امارات اور لیبیا کا سفر:** حضرت مہتمم صاحب مدظلہ ۳۱/مارچ کی رات سعودی عرب پہونچے اور یکم اپریل کو وحدت امت کانفرنس میں شرکت کی۔ یہ کانفرنس رابطہ عالم اسلامی کی دعوت پر مکہ مکرمہ کی پُرنور فضاؤں میں یکم سے چار اپریل تک منعقد ہوئی۔ کانفرنس میں نہ صرف عالم اسلام بلکہ پوری دنیا سے سینکڑوں سرکردہ علماء مشائخ اور زعماء امت نے شرکت کی۔ مولانا سمیع الحق نے کانفرنس کے اہم شخصیات سے ملاقاتیں کیں۔ اور تمام مسائل پر تبادلہ خیال کا سلسلہ جاری رہا۔ مولانا سمیع الحق کانفرنس کے اختتام پر ۴/اپریل کی شام مدینہ منورہ گئے اور ۵/اپریل کی شام تک مسجد نبویؐ کے معطر منور ماحول سے مستفید ہوتے رہے۔ ۶/اپریل کو علی الصبح وطن پہونچے۔ دارالعلوم میں ایک دن قیام کے بعد ۷/اپریل کو دوبارہ لیبیا کے طویل سفر پر روانہ ہوئے۔ جہاں ۸ اور ۹/اپریل کو طرابلس میں جمعیۃ الدعوۃ الاسلامیہ لیبیا کے زیراہتمام منعقد ہونے والے بین الاقوامی سیرت کانفرنس میں شریک ہوئے۔ اس کانفرنس میں بھی دنیا بھر کے سرکردہ علماء اور سکالرز اور لیڈرز موجود تھے۔ ایڈیٹر ''الحق'' مولانا حافظ راشد الحق سمیع، اور راقم بھی مولانا مدظلہ کے ہمراہ سفر تھے۔ مولانا مدظلہ کی مصروفیات کی وجہ سے واپسی کا پروگرام ۱۰/اپریل کو طے تھا۔ مالی جانے کا پروگرام مصروفیات کے باعث مولانا مدظلہ نے ملتوی کیا اور واپسی پر تین دن عرب امارات میں قیام کرکے ۱۷/اپریل کو دارالعلوم واپس پہونچے۔ جبکہ کانفرنس کے دیگر تمام شرکاء بشمول مولانا راشد الحق سمیع کے لیبیا کی دعوت پر افریقہ کے دور دراز ملک مالی کے اہم تاریخی، علمی اور تمدنی شہر ٹمبکٹو چلے گئے۔ جہاں پر ایک اور عالمی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا تھا۔ کانفرنس میں مختلف افریقی ممالک کے صدور اور لیبیا کے رہنما معمر کرنل قذافی نے خصوصی شرکت کی اور ناموس رسالتؐ کے موضوع پر اہم خطاب کیا اور عالمی استعمار کے ایجنڈے پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ جناب مدیر الحق صاحب ۲۰/اپریل کو وطن واپس تشریف لے آئے۔ آپ چند دن عرب امارات میں بھی رکے اور مختلف علماء و دانشوروں سے ملاقاتیں کیں۔

**مولانا محمد امجد تھانویؒ کی تعزیت:** مولانا مدظلہ نے لیبیا جاتے ہوئے کراچی میں کچھ دیر قیام کیا تاکہ حضرت مولانا اسعد تھانوی صدر جمعیت علماء اسلام سے ان کے بھائی مولانا محمد امجد تھانویؒ کی وفات پر پوری جماعت کی طرف سے تعزیت کرسکیں۔ مولانا مدظلہ کی آمد کے موقع پر جمعیت کے اکثر سرکردہ علماء و اکابر مولانا محمد امجد تھانوی مرحوم کے مکان پر جمع ہوئے اور تعزیتی اجتماع منعقد ہوا۔ رات کو مولانا مدظلہ کراچی سے طرابلس روانہ ہوئے جہاں ۱۸/اپریل

© rasailojaraid.com